| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ اور ''ا سے لے کر 'ڈ' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شرارتی تو کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں کیوں شرارتی نو کہتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ڈ' کریں گے۔ 'ڈ' بھی شرارتی نو ہے۔ اس کی بھی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ڈ' حروف تہجی کا تیرھواں حرف ہے۔<br>اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ ڈاکٹر، ڈاکیا، ڈاک خانہ، ڈربہ، ڈبہ، ڈھول، ڈنڈا اور ڈول کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ڈ' پر ایک چھوٹی 'ط' ہوتی ہے۔ تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف 'ڈ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ڈ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب کا صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔ کہ حرف 'ڈ' پر انگلی پھیریں۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ڈ۔ ڈاکٹر، ڈ۔ ڈاکیا بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ڈ سے بنی ہوئی چیزوں میں رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ڈ' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 26<br><br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش /پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ڈاکٹر کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم ڈاکٹر کے پاس کیوں جاتے ہیں؟ ڈاکٹر ہمیں کیا دیتے ہیں؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون بڑے ہو کر ڈاکٹر بننا چاہتا ہے؟ اور کس کس کو ڈاکٹر کے پاس جانا پسند ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حروف 'ڈ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے چھوٹے گروپوں کے لیے میز پر Play Dough رکھ دیجیے۔ بچے Play Doudh کی مدد سے حرف 'ڈ' بنانا سیکھیں گے۔<br>بچوں کو حرف 'ڈ' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں کاغذ کے ٹکڑے گلو کی مدد سے چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | Play Dough<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ڈ' لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور صوتی آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ڈربہ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ڈربہ مرغی کے گھر کو کہتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا کسی کے گھر میں مرغیاں ہیں؟ اگر ہیں تو وہ کہاں رہتی ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ڈ' بنائیں۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار اور پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے ہر بچے کو ایک ڈبہ دیجیے جس کے اوپر حرف 'ڈ' چھپا ہو کلاس کے آغاز سے پہلے ہر ڈبے کے اندر 'ا' سے لے کر 'ڈ' تک مختلف تصاویر ڈال دیں بچوں سے کہیے کہ ڈبے میں سے 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء نکالیں اور اُن کا نام بتائیں۔ | 20 منٹ | تصویری فلیش کارڈ ، ڈبہ<br><br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو ڈاکٹر، ڈاکیا، ڈاک خانہ، ڈبہ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ڈ' کے گرد دائرہ لگائیں اور 'ڈ' پر پینسل پھیریں۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج 'ڈ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ڈبہ، ڈھول، ڈنڈا اور ڈول دکھائے جائیں گے ۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک ڈرامہ کریں گے۔ دو ر بچوں کو منتخب کریں ایک کو ڈاکٹر کا لباس اور ایک کو ڈاکیا کا لباس پہنائیں۔ اب باقی بچے باری باری مریض بن کے آئیں۔ اتنے میں ایک ڈاکیا آتا ہیں۔ اور ڈاکٹر صاحب آپ کی ڈاک آئی ہے۔ پھر بچوں سے پوچھا جائے ڈاکٹر، ڈاکیا، ڈاک اور ڈرامہ کی ابتدائی آواز کیا ہیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 27 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے اور بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ڈ' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔ اور نیچے دی گئی 'ڈ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیریے اور لکھیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 27 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ڈ' کی شکل لکھوائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ڈ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ڈ' سے ڈاکیا اور ڈاک خانہ کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ پہلے کمپیوٹر اور ٹیلی فون نہیں ہوتا تھا تو لوگ ایک دوسرے سے بات کرنے کے لیے خط لکھتے تھے۔وہ خط پہلے ڈاک خانہ میں جاتے تھے پھر وہاں سے ڈاکیا وہ خط لوگوں کے گھروں میں پہنچاتا تھا۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ اب بھی ڈاک خانہ اور ڈاکیا کام کرتے ہیں۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا ان کے گھر کبھی ڈاکیا آیا ہے؟ بچوں کو Sand Tray دے کر 'ڈ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ڈ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڈ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ڈ' لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |